# اپیل

وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں بلوچستان بھر کے تمام پرائیویٹ اسکولوں کو سختی سے ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ صرف بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ اور درسیات مرکز تحقیق کے منظور شدہ قومی نصاب 2022-23 کے تحت منظور شدہ کتب اپنائیں۔ تمام پرائیویٹ اسکولوں کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ سے رجسٹرڈ ناشرین کی (این او سی شدہ) کتابیں استعمال کریں۔ رجسٹرڈ ناشرین کی لسٹ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کی ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہے۔ پرائیویٹ اسکولوں کو مزید تنبیہ کی جاتی ہے کہ رجسٹرڈ ناشرین کی (این او سی شدہ) کتب کے علاوہ اگر دوسرے کتب کو استعمال کرتے ہوئے پایا گیا تو ان کے خلاف بلوچستان پرائیویٹ ایجوکیشنل انسٹی ٹیوشنز (رجسٹریشن، ریگولیشن اینڈ پروموشن) ایکٹ 2022 کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ جو کہ متعلقہ اسکول کی رجسٹریشن کی منسوخی (Cancellation) بھی ہو سکتی ہے۔

**چیئرمین بلوچستان**
**ٹیکسٹ بک بورڈ کوئٹہ**

**AB No 808/06-02-2026**